# طالب علم کی تفصیلات

طالب علم کا نام ____________________

والد کے نام ____________________

مدرسہ کا نام ____________________

فون نمبر ____________________

## ہدایت بھری باتیں

- علم کے ذریعے خدا کی معرفت حاصل ہوتی ہے
- علم ایک ایسا سہارا ہے کہ کبھی بے سہارا نہ ہوگے
- پیٹ پر پتھر باندھ کر بچوں کو پڑھایئے پتھر پر سر پٹکنے کا موقع کبھی نہیں آئے گا
- کچھ عرصہ تک آدھا پیٹ روٹی کھانے کا دکھ اٹھا کر بچوں کو پڑھا دیجئے

  ہمیشہ پیٹ بھر سکھ کی روٹی ملتی رہے گی
- علم کے سمندر سے اخلاق کے قیمتی موتی نکلتے ہیں
- جہالت کے تالاب سے بدتمیزی کا بدبودار کیچڑ نکلتا ہے

# مقدّمہ

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على أشرف الأنبياء والمرسلين، أما بعد!

اردو زبان اپنی شیرینی، لطافت اور تہذیبی ورثے کی وجہ سے دنیا بھر میں ایک ممتاز مقام رکھتی ہے۔ دورِ حاضر میں جہاں نئی نسل جدید علوم کی طرف گامزن ہے، وہیں اپنی مادری اور قومی زبان سے واقفیت اور اس میں مہارت حاصل کرنا وقت کی اہم ضرورت بن گیا ہے۔

اسی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے زیرِ نظر کتاب "آسان اردو کا قاعدہ" ترتیب دی گئی ہے۔ اس کتاب کا بنیادی مقصد اردو زبان کو سادہ، سہل اور دلچسپ انداز میں پیش کرنا ہے تاکہ ہر عمر کے طلبہ، بالخصوص نوآموز (Beginners) بغیر کسی دشواری کے اردو پڑھنا، لکھنا اور سمجھنا سیکھ سکیں۔

کلماتِ تشکر (Acknowledgement):

میں ان تمام مخلص اور محترم شخصیات کا تہہِ دل سے شکر گزار ہوں جنہوں نے اس علمی سفر میں اپنی قیمتی آراء، مخلصانہ مشوروں اور بے لوث رہنمائی سے نوازا۔ بالخصوص درج ذیل حضرات کا ممنونِ احسان ہوں:

مولانا زید صاحب (استاد: مدرسہ حمایت الاسلام، مسوریہ، بانکا)

مولانا احمد صاحب (استاد: مدرسہ اسلامیہ عربیہ، پورینی، بھاگلپور)

قاری عبدالسلام صاحب (استاد: مدرسہ خیر السلام، پورینی، بھاگلپور)

حافظ ثاقب حسن صاحب (سیکریٹری: مدرسہ خیر السلام خواجہ نگر پورینی بھاگلپور)

قاری عبدالرشید صاحب ( امام: خواجہ نگر پورینی بھاگلپور

ان تمام حضرات کی شفقت اور سرپرستی نے اس کتاب کی ترتیب وتدوین میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ میں اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ وہ ان تمام حضرات کو جزائے خیر عطا فرمائے، ان کی علمی خدمات کو قبول فرمائے اور ان کے علم و عمل میں برکت عطا فرمائے۔

یہ ایک ادنیٰ سی کوشش ہے، تاہم بشری تقاضوں کے پیشِ نظر اگر اس میں کوئی کمی یا کوتاہی رہ گئی ہو، تو اہلِ علم سے اصلاح کی مخلصانہ گزارش ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس حقیر سی کوشش کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور اسے طلبہ وطالبات کے لیے نفع بخش بنائے۔ (آمین)

# حروفِ تہجی کا بیان

حروف کی دو قسمیں ہیں (1) مفرد حروف (2) مرکب حروف

بچوں کو یاد دلایا جائے کہ عربی میں حروفِ تہجی انیتس (29) ہیں اور اردو میں حروفِ تہجی باون (52) ہیں جن میں سے سینتیس (37) مفرد اور پندرہ (15) مرکب ہیں۔

# مفردات کا بیان

1. مفرد حروف: اردو میں عربی کے مقابلے میں آٹھ حروفِ تہجی زائد ہیں۔اس لیے اردو میں مفرد حروف کی تعداد سینتیس (37) ہو گئی۔

کسی طالبِ علم سے عربی حروفِ تہجی پڑھوائیں پھر سمجھائیں کہ عربی حروف کے نام یا تو: (1) دو حرفی ہوتے ہیں جیسے: با، تا، ثا (2) یا پھر تین حرفی ہوتے ہیں جیسے: الف، جیم، دال۔

ا. جن حروف کے نام دو حرفی ہیں وہ عربی میں۔"الف" کے ساتھ پڑھے جاتے ہیں؛ لیکن اردو میں ان کو یائے مجہول کے ساتھ پڑھیں جاتے ہیں: جیسے: با ؛کو" بے تا کو؛ تے "پڑھیں گے صرف طا کو طوئے اور ظا کو ظوئے پڑھیں گے۔

۲. جن حروف کے نام تین حرفی ہیں ان کی آواز عربی کی طرح ہی ہے، ان کے نام میں کوئی فرق نہیں ہے۔

۳. بچوں کو سمجھائیں کہ اس ;ی; کو یائے معروف کہتے ہیں اور اس کو" یا پڑھیں گے جب کہ اس ;ے" کو "یائے مجہول" کہتے ہیں اور اس کو" یے پڑھیں گے۔

## سبق نمبر ۱

# حروف تہجی: شکلیں اور نام

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| حروف کی شکلیں | ا | ب | پ | ت | ٹ | ث | |
| پڑھنے کا طریقہ | الف | بے | پے | تے | ٹے | ثے | |
| حروف کی شکلیں | ج | چ | ح | خ | | | |
| پڑھنے کا طریقہ | جیم | چے | حے | خے | | | |
| حروف کی شکلیں | د | ڈ | ذ | ر | ڑ | ز | ژ |
| پڑھنے کا طریقہ | دال | ڈال | ذال | رے | ڑے | زے | ژے |
| حروف کی شکلیں | س | ش | ص | ض | ط | ظ | |
| پڑھنے کا طریقہ | سین | شین | صاد | ضاد | طوئے | ظوئے | |
| حروف کی شکلیں | ع | غ | ف | ق | ک | گ | ل |
| پڑھنے کا طریقہ | عین | غین | فے | قاف | کاف | گاف | لام |
| حروف کی شکلیں | م | ن | و | ہا-ھ | ء | ی | ے |
| پڑھنے کا طریقہ | میم | نون | واو | ہے | ہمزہ | یا | یے |


# اردو کے آٹھ زائد حروف تہجی


| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | پ | ٹ | چ | ڈ | ڑ | ژ | گ | ے |
| لکھنے کا مشق | | | | | | | | |
| لکھنے کا مشق | | | | | | | | |
| لکھنے کا مشق | | | | | | | | |

## بے ترتیب حروف تہجی

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ظ | ڑ | ص | س | ا | ت | ن | ک | ر | ق |
| م | د | ب | ہ | ط | پ | ف | ژ | ح | ع |
| ث | ی | غ | ڈ | ج | ش | ھ | و | ے | ش |
| ٹ | خ | ل | ء | ذ | گ | ز | ض | چ | |

# ب،پ،ت،ٹ،ث،ژ،ن،ی،ے کی یکسا مختلف شکلیں





## سبق نمبر ۲

# متحرک حروف کا بیان

زبر کی تختی روا پڑھائیں ہجّے نہ پڑھائیں

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَ | بَ | پَ | تَ | ٹَ | ثَ | جَ | چَ | حَ |
| خَ | دَ | ڈَ | ذَ | رَ | ڑَ | زَ | ژَ | سَ |
| شَ | صَ | ضَ | طَ | ظَ | عَ | غَ | فَ | قَ |
| کَ | گَ | لَ | مَ | نَ | وَ | ہَ | یَ | |

## زبر کی مشق

ہدایت: بچوں کو سمجھائیں کہ: اردو میں کلمہ کا آخری حرف ساکن ہوتا ہے

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | رَبْ | حَق | سَچ | حَج | مَت | جَل |
| لکھنے کا مشق | | | | | | |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | چَل | بس | سب | رس | فن | دم |
| لکھنے کا مشق | | | | | | |

MADRASA KHAIRUS SALAM EDUCATIONAL & CHARITABLE TRUST M.K.E.C.T

# سبق نمبر ۳

## زیر کی تختی رواپڑھائیں ہجّے نہ پڑھائیں

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِ | بِ | پِ | تِ | ٹِ | ثِ | جِ | چِ | حِ |
| خِ | دِ | ڈِ | ذِ | رِ | ڑِ | زِ | ژِ | سِ |
| شِ | صِ | ضِ | طِ | ظِ | عِ | غِ | فِ | قِ |
| کِ | گِ | لِ | مِ | نِ | وِ | ہِ | یِ | |

## زیر کی مشق


| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | دِلُ | دن | مل | جن | ضد | سل |
| لکھنے کا مشق | | | | | | |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | چِت | گن | ٹم | ہل | اس | ٹپ |
| لکھنے کا مشق | | | | | | |

# کلر کریں


آم

----------------



ٹماٹر

----------------



انگور

----------------



امرود

----------------



# سبق نمبر٤

## پیش کی تختی رواں پڑھائیں ہجّے نہ پڑھائیں

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُ | بُ | پُ | تُ | ٹُ | ثُ | جُ | چُ | حُ |
| خُ | دُ | ڈُ | ذُ | رُ | ڑُ | زُ | ژُ | سُ |
| شُ | صُ | ضُ | طُ | ظُ | عُ | غُ | فُ | قُ |
| کُ | گُ | لُ | مُ | نُ | وُ | ہُ | یُ | |

## پیش کی مشق

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | اُف | اڑ | چپ | دم | جڑ | رک |
| لکھنے کا مشق | | | | | | |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | سُن | مڑ | رخ | پل | مس | پر |
| لکھنے کا مشق | | | | | | |

MADRASA KHAIRUS SALAM EDUCATIONAL & CHARITABLE TRUST
M.K.E.C.T

## سبق نمبر ۵

## مرکبات کا بیان

مرکب حروف: بچوں کو بتائیں کہ اردو میں پندرہ(15)حروف مرکب؛یعنی ملے ہوئے آتے ہیں۔یہ حروف ’’دو حرفی(ھ)دو چشمی(دو آنکھ والی)ہا سے ملے ہوتے ہیں،

ایسی دو چشمی ہا کو ہائے مخلوطہ بھی کہتے ہیں کیوں کہ یہ ہا ہمیشہ اپنے پہلے والے حرف کے ساتھ مخلوط ہو کر یعنی مل کر آتی ہے اور اس کا تلفظ بھی بدل جاتا ہے۔

جیسے: ب؛ھ؛کے ساتھ ملا دیں تو نیا حرف ’’بھ‘‘بن جاتا ہے۔

جیسے انگریزی میں B + H = BH اور P + H = PH بولا جاتا ہے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ب | + | ھ | = | بھ | بھ | بھر | بھر |
| پ | + | ھ | = | پھ | ----- | پھر | ----- |
| ت | + | ھ | = | تھ | ----- | تھک | ----- |
| ٹ | + | ھ | = | ٹھ | ----- | اٹھ | ----- |
| ج | + | ھ | = | جھ | ----- | جھٹ | ----- |
| چ | + | ھ | = | چھ | ----- | چھپ | ----- |
| د | + | ھ | = | دھ | ----- | دودھ | ----- |
| ڈ | + | ھ | = | ڈھ | ----- | ڈھل | ----- |
| ر | + | ھ | = | رھ | ----- | تیرھواں | ----- |
| ڑ | + | ھ | = | ڑھ | ----- | پڑھ | ----- |
| ک | + | ھ | = | کھ | ----- | رکھ | ----- |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گ | + | ھ | = | گھ | ------ | گھر | ------ |
| ل | + | ھ | = | لھ | ------ | چولھا | ------ |
| م | + | ھ | = | مھ | ------ | کمھار | ------ |
| ن | + | ھ | = | نھ | ------ | ننھا | ------ |

## مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | نَرَم | دَرُد | برُکت | اَدَب |
| لکھنے کا مشق | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |
| پڑھنے کا مشق | حَرَکت | زَخم | بَرَتن | سَبق |
| لکھنے کا مشق | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |
| پڑھنے کا مشق | دَھرم | شَربت | سچ کہ | سخت |
| لکھنے کا مشق | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |
| پڑھنے کا مشق | علم | شرک | کدھر | رِزق |
| لکھنے کا مشق | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |
| پڑھنے کا مشق | بِستر | اِدھر | فُرصت | شُکر |
| لکھنے کا مشق | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |

## سبق نمبر٦

# الف مدّہ

ا + ا = آ

ب + ا = با

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| آ | با | پا | تا | ٹا | ثا | جا | چا | حا |
| خا | دا | ڈا | ذا | را | ڑا | زا | ژا | سا |
| شا | صا | ضا | طا | ظا | عا | غا | فا | قا |
| کا | گا | لا | ما | نا | وا | ہا | یا | ۞ |

## الف مدہ کی مشق

| پڑھنے کا مشق | کہا | آج | کام | گیا | تھام | آپ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لکھنے کا مشق | | | | | | |

| پڑھنے کا مشق | رات | جاگ | کپڑا | آذان | دُنیا | لِباس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لکھنے کا مشق | | | | | | |

| پڑھنے کا مشق | عبادت | تِلاوت | عمارت | اِجازت |
|---|---|---|---|---|
| لکھنے کا مشق | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |

# سبق نمبر ۷

## مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ضدمت کر | سچ کہہ | شک مت کر | ابصار ! مکتب جا | دربدر |
| خدمت کر | تھر تھرامت | نفرت مت کر | حق پر چل | ادب کر |
| شکر کر | سبق پڑھ | ہل مت | ورزش کر | مسجد چل |
| سبق سن | قدم رکھ | محنت کر | مل کر رہ | غسل کر |
| کام کر | کپڑا | کلام | درست کر | قدرت |
| تلاوت | حلال | لباس | لڑکا | دریا |
| نماز | کڑوا | سلام | پکڑا | اذان |
| شام کا وقت ہوا | باپ کا کہامان | قرآن کا حافظ بن | سبق یاد کر | اچھا کام کر |
| روزانہ تلاوت کر | نماز کا خیال رکھ | استاذ کا ادب کر | دل لگا کر پڑھ | مکان صاف رکھ |
| اپنا سبق یاد کر | سلام عام کر | رشوت سے بچ | سست مت بن | نعمت پر شکر کر |

## حرف کو جوڑ کر جملہ بنائیں

| م | ا | ش |
|---|---|---|
| ---------------- | | |

| ن | آ | ر | ق |
|---|---|---|---|
| ---------------------------- | | | |

| ر | ھ | ب |
|---|---|---|
| ---------------- | | |

| ت | ک | ر | ب |
|---|---|---|---|
| ---------------------------- | | | |

| ھ | ک | ر |
|---|---|---|
| ---------------- | | |

| د | ا | ب | ع |
|---|---|---|---|
| ---------------------------- | | | |

| ا | ھ | ک |
|---|---|---|
| ---------------- | | |

| د | ج | س | م |
|---|---|---|---|
| ---------------------------- | | | |

# سبق نمبر ۸

## واؤ مدّہ کا بیان

جس واؤ سے پہلے پیش ہو اس کو عربی اور اردو میں ؛واؤ مدّہ؛ کہتے ہیں۔ عربی میں اس کو معروف ہی پڑھتے ہیں،

جیسے : نُوْحٌ اور رُوْحٌ لیکن اردو میں واؤ معروف بھی آتا ہے؛ جیسے دھول اور مجہول بھی آتا ہے،: جیسے ؛ڈھول۔

فائدہ: جس واؤ اور یا پر جزم چھوٹے دال ۮ کی شکل میں ہو اس کو معروف پڑھیں گے اور جس پر چھوٹے گول دائرے ہ کی شکل میں ہو اس کو مجہول پڑھیں گے۔

### واؤ معروف

اُ + وْ = اُوْ

بُ + وْ = بُوْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُوْ | بُوْ | پُوْ | تُوْ | ٹُوْ | ثُوْ | جُوْ | چُوْ | حُوْ |
| خُوْ | دُوْ | ڈُوْ | ذُوْ | رُوْ | ڑُوْ | زُوْ | ژُوْ | سُو |
| شُوْ | صُوْ | ضُوْ | طُوْ | ظُوْ | عُوْ | غُوْ | فُوْ | قُوْ |
| کُوْ | گُوْ | لُوْ | مُوْ | نُوْ | وُوْ | ہُوْ | یُوْ | ❁ |

| پڑھنے کا مشق | جھُوٹا | خوب | درود | معبود | شروع | پھول |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لکھنے کا مشق | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- |
| پڑھنے کا مشق | جُوتا | ٹوٹا | کبوتر | سوکھا | سورج | بھول |
| لکھنے کا مشق | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- |

سبق نمبر۹

## واؤ مجہول

اُ + وْ = اُوْ　　　بُ + وْ = بُوْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اُوْ | بُوْ | پُوْ | تُوْ | ٹُوْ | ثُوْ | جُوْ | چُوْ | حُوْ |
| خُوْ | دُوْ | ڈُوْ | ذُوْ | رُوْ | ڑُوْ | زُوْ | ژُوْ | سُوْ |
| شُوْ | صُوْ | ضُوْ | طُوْ | ظُوْ | عُوْ | غُوْ | فُوْ | قُوْ |
| کُوْ | گُوْ | لُوْ | مُوْ | نُوْ | وُوْ | ہُوْ | یُوْ | |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | بُوْتل | کویل | گھوڑا | بول | روز | ٹوپی |
| لکھنے کا مشق | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | دُوْزخ | کھلونا | انمول | ہوشیار |
| لکھنے کا مشق | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |

# واؤ معروف کی جملوں میں مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | فضول بات سے بچ | دل سے خوب پڑھ | درود پاک پڑھ | کبوتر اڑ گیا |
| لکھنے کا مشق | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |
| پڑھنے کا مشق | ابصار اچھا لڑکا ہے | حق بات قبول کر | آم چوس | پھول مت چھو |
| لکھنے کا مشق | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |
| پڑھنے کا مشق | آج کا کام کر | مزدور تھک گیا | موسیٰ آیا | رومال صاف رکھ |
| لکھنے کا مشق | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |

# واؤ مجہول کی جملوں میں مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | کھلونا گم ہو گیا | افسوس مت کر | لوٹا کس نے توڑا | اخروٹ کھاؤ |
| لکھنے کا مشق | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |
| پڑھنے کا مشق | خرگوش چھوٹ گیا | روز قرآن پڑھو | بول کر مت تولو | سوچ کر بولو |
| لکھنے کا مشق | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |
| پڑھنے کا مشق | چور آیا | شور مت کرو | کوشش کرو | مسجد کھولو |
| لکھنے کا مشق | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |

MADRASA KHAIRUS SALAM EDUCATIONAL & CHARITABLE TRUST
M.K.E.C.T

سبق نمبر ۱۰

## یائے مدّہ کا بیان

جس یا سے پہلے زیر ہو اس کو عربی اور اردو میں ؛ یا مدّہ؛ کہتے ہیں۔ عربی میں اس کو معروف ہی پڑھتے ہیں،

جیسے : **رِیۡحٌ** اور **تِیۡنِ** لیکن اردو میں یا معروف بھی آتی ہے؛ جیسے (ڈھیلا) اور مجہول بھی آتا ہی ہے، : جیسے ؛ ڈھیلا۔

(اینٹ کا ٹکڑا)۔

### یائے معروف

اِ + یۡ = اِیۡ

بِ + یۡ = بِیۡ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِیۡ | بِیۡ | پِی | تِی | ٹِی | ثِی | جِی | چِی | حِی |
| خِی | دِی | ڈِی | ذِی | رِی | ڑِی | زِی | ژِی | سِی |
| شِی | صِی | ضِی | طِی | ظِی | عِی | غِی | فِی | قِی |
| کِی | گِی | لِی | مِی | نِی | وِی | ہِی | یِی | ۞ |

| پڑھنے کا مشق | دین | میل | ایمان | ادریس | وکیل | تیر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لکھنے کا مشق | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- |

| پڑھنے کا مشق | گاڑی | گرمی | سردی | مرغی | لڑکی | چھین |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لکھنے کا مشق | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- |

# مشق

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | پیلا | نیلا | بڑی | کریم | یقین | تعلیم |
| لکھنے کا مشق | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- |

## یائے معروف کی جملوں میں مشق

| | | |
|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | دین اللہ کی بڑی نعمت ہے | شکیل کی گاڑی نرالی ہے |
| لکھنے کا مشق | -------------------------- | -------------------------- |

| | | |
|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | پانی اللہ کی بڑی نعمت ہے | مکتب کی تعلیم ضروری ہے |
| لکھنے کا مشق | -------------------------- | -------------------------- |

| | | |
|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | قرآن کی تفسیر سنو | اللہ پر یقین رکھو |
| لکھنے کا مشق | -------------------------- | -------------------------- |

| | | |
|---|---|---|
| خود سے جملہ بنائیں | -------------------------- | -------------------------- |

## دو حرف کو جوڑ کر خالی بکس میں لکھیں

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | = | ا | + | ص | | آ | = | ا | + | ا |
| | = | ا | + | ض | | | = | ا | + | ب |
| | = | ا | + | ط | | | = | ا | + | پ |
| | = | ا | + | ظ | | | = | ا | + | ت |
| | = | ا | + | ع | | | = | ا | + | ٹ |
| | = | ا | + | غ | | | = | ا | + | ث |
| | = | ا | + | ف | | | = | ا | + | ج |
| | = | ا | + | ق | | | = | ا | + | ح |
| | = | ا | + | ک | | | = | ا | + | خ |
| | = | ا | + | گ | | | = | ا | + | د |
| | = | ا | + | ل | | | = | ا | + | ڈ |
| | = | ا | + | م | | | = | ا | + | ذ |
| | = | ا | + | ن | | | = | ا | + | ر |
| | = | ا | + | و | | | = | ا | + | ڑ |
| | = | ا | + | ہ | | | = | ا | + | ز |
| | = | ا | + | ء | | | = | ا | + | ژ |
| | = | ا | + | ی | | | = | ا | + | س |
| | | | | | | | = | ا | + | ش |

MADRASA KHAIRUS SALAM EDUCATIONAL & CHARITABLE TRUST
M.K.E.C.T

## سبق نمبر ۱۱

# واوِ لین

اَ + وْ = اَوْ     بَ + وْ = بَوْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَوْ | بَوْ | پَوْ | تَوْ | ٹَوْ | ثَوْ | جَوْ | چَوْ | حَوْ |
| خَوْ | دَوْ | ڈَوْ | ذَوْ | رَوْ | ڑَوْ | زَوْ | ژَوْ | سَوْ |
| شَوْ | صَوْ | ضَوْ | طَوْ | ظَوْ | عَوْ | غَوْ | فَوْ | قَوْ |
| کَوْ | گَوْ | لَوْ | مَوْ | نَوْ | وَوْ | ہَوْ | یَوْ | ۞ |

## واوِ لین کی مشق

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | شَوْق | خوف | قوم | دور | شوکت | دولت |
| لکھنے کا مشق | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | رَوْشن | اور | کوثر | جوہر | گوہر | غور |
| لکھنے کا مشق | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- |

MADRASA KHAIRUS SALAM EDUCATIONAL & CHARITABLE TRUST
M.K.E.C.T

## واوِلین کی جملوں میں مشق

| | | | |
|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | علم کا شوق رکھ | عورت کی عزّت کرو | جو کا آٹا دو |
| لکھنے کا مشق | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | شوکت لوٹ آیا | فوراً جاؤ | لوٹ آؤ |
| لکھنے کا مشق | | | |

## واؤ کے بیان کی جملوں میں عمومی مشق

| | | |
|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | سورج کی روشنی مت دیکھو | مخلوق پر ظلم مت کرو |
| لکھنے کا مشق | | |

| | | |
|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | دوکان پر جاکر سودا لاؤ | گھوڑا خوب صورت ہے |
| لکھنے کا مشق | | |

| | | |
|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | دوڑ کر پھول توڑ لاؤ | اللہ کا خوف ایمان کی علامت ہے |
| لکھنے کا مشق | | |

# ہفتے کے دنوں کے نام

| اتوار | سوموار | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | سنیچر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

## نظم

| | |
|---|---|
| ہفتے کے یہ سات دن...آؤ میرے ساتھ گن 2 | پہلا دن ہے اتوار...اس دن جائیں گے بازار 2 |
| دوسرا دن ہے سوموار....پڑھائی کریں گے 10 سے چار 2 | گنتی میری جاری ہے.. منگل بدھ اور جمعرات 2 |
| خوب پڑھائی کریں گے ہم 2 | روز اسکول جائیں گے ہم 2 |
| نمازیں بھی پڑھیں گے ہم 2 | اور پھر آئے گا جمعہ 1 |
| اس دن کلمہ پڑھیں گے ہم 2 | صاف ستھرے رہیں گے ہم 2 |
| پھر آئے گا سنیچر وار 1 | خوشی سے دل ہو جائے گا چار 1 |
| کھیل کود کریں گے ہم 2 | پڑھائی بھی کریں گے ہم 2 |
| ہفتے کے ہیں یہ سات دن 1 | آؤ میرے ساتھ گن |

## اردو کے آٹھ زائد حروف تہجی کھالی بکس میں لکھیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |

### کلر کریں

غ ل ط

ق ج ھ

ف ن ص

MADRASA KHAIRUS SALAM EDUCATIONAL & CHARITABLE TRUST
M.K.S.E.C.T

# سبق نمبر ۱۲

## یائے لین

اَ + یْ = اَیْ

بَ + یْ = بَیْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اَیْ | بَیْ | پَیْ | تَیْ | ٹَیْ | ثَیْ | جَیْ | چَیْ | حَیْ |
| خَیْ | دَیْ | ڈَیْ | ذَیْ | رَیْ | ڑَیْ | زَیْ | ژَیْ | سَیْ |
| شَیْ | صَیْ | ضَیْ | طَیْ | ظَیْ | عَیْ | غَیْ | فَیْ | قَیْ |
| کَیْ | گَیْ | لَیْ | مَیْ | نَیْ | وَیْ | ہَیْ | یَیْ | ❁ |

MADRASA KHAIRUS SALAM EDUCATIONAL & CHARITABLE TRUST
M.K.E.C.T

## یائے لین کی مشق

| پڑھنے کا مشق | چین | ویسا | میل | ایسا | خیر | کیسا |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لکھنے کا مشق | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- |

| پڑھنے کا مشق | تھیلا | پیدا | فیصل | حیران | جیسا | پیدل |
|---|---|---|---|---|---|---|
| لکھنے کا مشق | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- |

## یائے لین کی جملوں میں مشق

| پڑھنے کا مشق | نماز میں خیر ہے | میدان چوڑا ہے | ایسا ویسا مت بولو | کیلا کیسا ہے |
|---|---|---|---|---|
| لکھنے کا مشق | ------------ | ------------ | ------------ | ------------ |

## معروف و مجہول اور لین کی عمومی مشق

| پڑھنے کا مشق | روزانہ کام کاج کرو | ہندوستان ہمارا ملک ہے |
|---|---|---|
| لکھنے کا مشق | -------------------------- | -------------------------- |

| پڑھنے کا مشق | غیر حاضری مت کرو | بھارت ہمارا دیش ہے |
|---|---|---|
| لکھنے کا مشق | -------------------------- | -------------------------- |

| پڑھنے کا مشق | دودھ سے دہی بنتا ہے | بھول کر بھی نیکی مت چھوڑو |
|---|---|---|
| لکھنے کا مشق | -------------------------- | -------------------------- |

| پڑھنے کا مشق | اسلام ہماری پہچا ہے | قرآن اللہ کی کتاب ہے |
|---|---|---|
| لکھنے کا مشق | -------------------------- | -------------------------- |

# سبق نمبر ۱۳

## یائے مجہول

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اے | بے | پے | تے | ٹے | ثے | جے | چے | حے |
| خے | دے | ڈے | ذے | رے | ڑے | زے | ژے | سے |
| شے | صے | ضے | طے | ظے | عے | غے | فے | قے |
| کے | گے | لے | مے | نے | وے | ہے | یے | |

### یائے مجہول کی مشق

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | تیرا | میلہ | میرا | سیب | دیکھ | اپنے |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | انڈے | راستے | کپڑے | پیارے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | گندے کپڑے مت پہنو | دھیرے دھیرے چلو | نیک ارادے رکھو |
| لکھنے کا مشق | ------------------ | ------------------ | ------------------ |
| پڑھنے کا مشق | کالے بادل چھائے | راستے کے کنارے چلو | جھگڑے سے بچو |
| لکھنے کا مشق | ------------------ | ------------------ | ------------------ |

## دو حرف جوڑ کر خالی بکس میں لکھیں

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | = | و | + | ص | | او | = | و | + | ا |
| | = | و | + | ض | | | = | و | + | ب |
| | = | و | + | ط | | | = | و | + | پ |
| | = | و | + | ظ | | | = | و | + | ت |
| | = | و | + | ع | | | = | و | + | ٹ |
| | = | و | + | غ | | | = | و | + | ث |
| | = | و | + | ف | | | = | و | + | ج |
| | = | و | + | ق | | | = | و | + | ح |
| | = | و | + | ک | | | = | و | + | خ |
| | = | و | + | گ | | | = | و | + | د |
| | = | و | + | ل | | | = | و | + | ڈ |
| | = | و | + | م | | | = | و | + | ذ |
| | = | و | + | ن | | | = | و | + | ر |
| | = | و | + | و | | | = | و | + | ڑ |
| | = | و | + | ہ | | | = | و | + | ز |
| | = | و | + | ء | | | = | و | + | ژ |
| | = | و | + | ی | | | = | و | + | س |
| | | | | | | | = | و | + | ش |

## سبق نمبر ۱٤

# تشدید

بچوں کو بتلائیں اور یاد دلائیں کہ جس حرف پر تشدید ہو اسے دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے؛ لیکن حرکات، ساکن، تشدید اردو میں لکھے نہیں ہوتے ہیں یہ سب اعراب اور علامات کہلاتے ہیں یہ صرف عربی میں لکھے جاتے ہیں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ال+لہ | مک+کہ | کچ+چا | پک+کا | سچ+چا |
| اللہ | مکّہ | کچّا | پکّا | سچّا |
| محب+بت | چھٹ+ٹی | چھت+تہ | کد+دو | ات+تفاق |
| محبّت | چھٹّی | چھتّہ | کدّو | اتّفاق |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | عزّت | ذلت | جہنم | لڈو | ابا | اُلو |
| لکھنے کا مشق | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | رسّی | جنت | امی | چکی | لسی | کوا |
| لکھنے کا مشق | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | لٹّو | غصہ | چکر | دقت | اچھا | بلی |
| لکھنے کا مشق | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- | -------- |

# مشق

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | تکبر | مشقت | دقت | مکھن |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | مروّت | اتحاد | ابو | پکے |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | پتھر کی آواز | کوا اور الو | عزت کر |
| لکھنے کا مشق | ---------------- | ---------------- | ---------------- |

| | | | |
|---|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | مرمت کرو | گنّے کا رس | سنت پر |
| لکھنے کا مشق | ---------------- | ---------------- | ---------------- |

| | | |
|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | ابا کو بڑا غصہ آیا | پتھر کی چٹان بھاری ہے |
| پڑھنے کا مشق | امانے منّے کو لوری گا کے سنایا | عزت اور ذلت االلہ کے ہاتھ میں ہے |
| پڑھنے کا مشق | چھت پر شہد کا چھتہ تھا | ہمت سے آگے بڑھو |
| پڑھنے کا مشق | مکتب میں چھٹی نہیں ہے | گنّے کا رس اچھا ہے |
| پڑھنے کا مشق | چلانا بری عادت ہے | محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پر چلو |

## سبق نمبر ۱۵

# سال کے مہینوں کے نام

سات دنوں کا ایک ہفتہ ہوتا ہے۔ایک ہفتے میں سات دن ہوتے ہیں۔

تیس دن کا ایک مہینہ ہوتا ہے۔ایک مہینے میں تیس دن ہوتے ہیں۔

چار ہفتوں کا ایک مہینہ ہوتا ہے۔ایک مہینے میں چار ہفتے ہوتے ہیں۔

بارہ مہینوں کا ایک سال ہوتا ہے۔ایک سال میں بارہ مہینے ہوتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| January | जनवरी | جنوری | 1 |
| February | फरवरी | فروری | 2 |
| March | मार्च | مارچ | 3 |
| April | अप्रैल | اپریل | 4 |
| May | मई | مئی | 5 |
| June | जून | جون | 6 |
| July | जुलाई | جولائی | 7 |
| August | अगस्त | اگست | 8 |
| September | सितम्बर | ستمبر | 9 |
| October | अक्टूबर | اکتوبر | 10 |
| November | नवम्बर | نومبر | 11 |
| December | दिसम्बर | دسمبر | 12 |

## دو حرف جوڑ کر خالی بکس میں لکھیں

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ا | + | ی | = | ای |
| ب | + | ی | = | |
| پ | + | ی | = | |
| ت | + | ی | = | |
| ٹ | + | ی | = | |
| ث | + | ی | = | |
| ج | + | ی | = | |
| ح | + | ی | = | |
| خ | + | ی | = | |
| د | + | ی | = | |
| ڈ | + | ی | = | |
| ذ | + | ی | = | |
| ر | + | ی | = | |
| ڑ | + | ی | = | |
| ز | + | ی | = | |
| ژ | + | ی | = | |
| س | + | ی | = | |
| ش | + | ی | = | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ص | + | ی | = | |
| ض | + | ی | = | |
| ط | + | ی | = | |
| ظ | + | ی | = | |
| ع | + | ی | = | |
| غ | + | ی | = | |
| ف | + | ی | = | |
| ق | + | ی | = | |
| ک | + | ی | = | |
| گ | + | ی | = | |
| ل | + | ی | = | |
| م | + | ی | = | |
| ن | + | ی | = | |
| و | + | ی | = | |
| ہ | + | ی | = | |
| ء | + | ی | = | |
| ی | + | ی | = | |
| ے | | ی | | |

نیچے لکھے ہوئے جملوں کو دیکھ کر صحیح اور غلط پر نشان لگائیں۔ صحیح ✓ غلط ✗

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| الف مدہ | دُنیا | ✓ | دیکھ | ✗ | لِباس | ✓ |
| واؤ مدہ | شوکت | | بھول | | مسجد کھولو | |
| یا مدہ | گرمی | | روز | | سردی | |
| یائے مجہول | بڑی | | میرا | | سیب | |
| واؤ مجہول | انمول | | ہوشیار | | لوٹ آؤ | |
| یائے لین | پیدل | | چھین | | کنارے | |
| واؤ لین | سنیچر | | کوثر | | اور | |

## ماں پر نظم

| | |
|---|---|
| سب سے انوکھا سب سے پیارا ۲ | دنیا میں رشتہ ہے ماں کا ۲ |
| دکھ سکھ میں ہر دم مسکائے ۲ | بچوں کو راحت پہنچائے ۲ |
| تپتی دھوپ میں ہے وہ سایہ ۲ | ہے بس چلتی پھرتی سایہ ۲ |
| قدرت کا انمول خزانہ ۲ | روشن جس سے سارا زمانہ ۲ |
| کبھی نہ ماں کے دل کو دکھانا ۲ | ہر دم اس کا مان بڑھانا ۲ |

سبق نمبر ١٦

# سوالیہ نشان (؟)

یہ نشان (؟) سوال کے آخر میں لگایا جاتا ہے۔

سوال کے اخیر میں لگے ہوئے نشان کو سوالیہ نشان کہتے ہیں۔

مثال: آپ کہاں جا رہے ہیں؟ آپ کا نام کیا ہے؟ آپ ابھی کہاں ہیں؟

یہ وہ الفاظ ہیں جو سوال بنانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

مثلاً: کیا/کیوں/کب/کہاں/کون/کیسے/کس نے/کتنا/کتنی

جملہ پڑھیں اور سوالیہ نشان لگائیں۔

کیا تم میرے ساتھ آؤ گے ---- آپ کا پسندیدہ رنگ کونسا ہے ----

کیا آپ نے کھانا کھالیا ----- کیا آج بارش ہو گی ----

سوالیہ الفاظ پر گول دائرہ بنائیں

| | | |
|---|---|---|
| آپ کو کس نے مارا؟ | آپ کا کتنا پیسہ ہوا؟ | تم کھیلنے کیوں گئے؟ |
| گھر کب آئیں گے؟ | اور کتنی دور ہے؟ | کیا آپ مدرسہ گئے تھے؟ |

سبق نمبر ۱۷

# ختمہ نشان (۔)

اردو میں ختمہ یا نقطۂ ختم اس علامت کو کہتے ہیں جو جملہ مکمل ہونے کے بعد لگائی جاتی ہے۔

اس کا نشان یہ ہے۔ (۔)

**جملہ مکمل ہونے کے بعد لگے ہوئے نشان کو ختمہ نشان کہتے ہیں۔**

**مثالیں: وہ اسکول گیا۔ آج موسم بہت خوشگوار ہے۔ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔**

**جملے پڑھیے اور ختمہ سوالیہ پر نشان لگائیے۔**

| | | |
|---|---|---|
| میرا دوست اسکول جا رہا ہے | کیا آپ کل بازار گئے تھے | سورج آسمان پر چمک رہا ہے |
| آپ مکتب سے باہر کیوں گئی | سورج آسمان پر چمک رہا ہے | میں نے آج سبق یاد کر لیا ہے |
| بلی دودھ پی رہی ہے | بچے پارک میں کھیل رہے ہیں | اسلام کی بنیاد کتنی چیزوں پر ہے |

| | | |
|---|---|---|
| پڑھنے کا مشق | ہم سب کل مسجد نماز پڑھنے گئے تھے۔ | نماز جنت کی کنجی ہے۔ |
| لکھنے کا مشق | ---------------------------- | ---------------------------- |

سبق نمبر ۱۸

# حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی کہانی

پہلے زمانے کی بات ہے کہ کسی جگہ ایک کتا مرا ہوا پڑا تھا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنے ساتھیوں کے ساتھ اس جگہ سے گزرے، ساتھیوں نے کہا: اس کی کیسی بری صورت ہے۔

دوسرے نے کہا: اس کی دم کیسی کیچڑ میں لت پت ہو رہی ہے۔

تیسرے نے کہا: اس پر مکھیاں کیسی بھنگ رہی ہیں۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: اس کے دانت کیسے سفید ہیں اور موتیوں کی طرح چمک رہے ہیں؟ یہ ایسا جانور ہے جو ہمیشہ اپنے مالک کی وفاداری کرتا ہے، کبھی غداری نہیں کرتا۔

بچوں! اس کہانی سے معلوم ہوا کہ اللہ کے نیک بندے کسی کے عیب پر نظر نہیں کرتے، بلکہ ہمیشہ خوبی دیکھا کرتے ہیں، ہمیں بھی دوسروں کی خوبیوں کو دیکھنا چاہیے۔

اللہ تبارک وتعالی ہمیں بھی دوسروں کی خوبی بیاں کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

# سوال وجواب

(۱)حضرت عیسی علیہ السلام نے مرے ہوئے کتے کے بارے میں کیافرمایا؟

------------------------------------------------------------------------

(۲)حضرت عیسی علیہ الصلوۃ والسلام کے دوسرے ساتھی نے کیا کہا؟

------------------------------------------------------------------------

(۳) کسی جگہ ایک جانور مراپڑاہوا تھااس جانور کا کیانام ہے؟

------------------------------------------------------------------------

## خالی جگہ کو پر کریں

اس کی کیسی بری --------------------

اللہ کے نیک بندے کسی --------------------------

M.K.E.C.T
MADRASA KHAIRUS SALAM EDUCATIONAL & CHARITABLE TRUST

## حدیث

إِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ فُتِّحَتْ أَبْوَابُ السَّمَاءِ، وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ جَهَنَّمَ، وَسُلْسِلَتِ الشَّيَاطِينُ"(صحیح بخاری: 1899)

**جب رمضان کا مہینہ شروع ہوتا ہے تو آسمان (جنت) کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں، جہنم کے دروازے بند کر دیے جاتے ہیں اور شیاطین کو زنجیروں میں جکڑ دیا جاتا ہے۔**

## حدیث

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ

اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کر دیے گئے ہیں، جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کیے گئے تھے، تاکہ تم متقی اور پرہیز گار بن جاؤ۔

## حدیث

مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ" (صحیح بخاری: 38)

**ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:**

جس نے ایمان کے ساتھ اور ثواب کی نیت سے رمضان کے روزے رکھے، اس کے پچھلے تمام گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔

# مدرسہ انتظامیہ

| | |
|---|---|
| ناظم۔حافظ محمد ابصار صاحب | 7593929916 |
| صدر۔مولانا احمد صاحب | 7319621915 |
| سکریٹری۔حافظ محمد ثاقب حسن صاحب | 9508322838 |
| ممبر۔حافظ حاجی عبدالقدوس صاحب | 9939835739 |
| ممبر۔حافظ نوشاد صاحب | 8797735542 |
| ممبر۔قاری عمران صاحب | 9262286125 |

کلاس اُستاد ______________________ ______________________